سوال

(119) کیا ہر وقت باوضو رہنا اور ہر تحیۃ الوضوء ادا کرنا ضروری ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہر وقت باوضو رہنا کیسا ہے؟ کیا ہر وضو کے بعد دو رکعت پڑھنا ضروری ہوں گی؟ اگر کسی وضو کے بعد ''تحیۃ الوضوء'' پڑھے اور کبھی نہ پڑھے تو کیسا ہے تحیۃ الوضوادانہ کرنے کی صورت میں بھی باوضو رہنا افضل ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

باوضو رہنا باعثِ فضیلت ہے اور وضو کے بعد دو رکعت ادا کرنے کی صرف ترغیب ہے، واجب نہیں۔ یعنی ''تحیۃ الوضوء'' صرف مستحب ہے۔ کوئی دوسری نماز بھی اس کے قائم مقام ہو جاتی ہے۔ وضو کے بعد اگر دو رکعت نہ بھی پڑھی جائیں تو کوئی حرج نہیں، البتہ حسنِ نیت پر وضو کا ثواب ضرور ملے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطہارۃ : صفحہ: 146

محدث فتویٰ